ہے کہ مسلک حنفی میں جس تقلید کی تلقین کی جاتی ہے اس سے مراد اندھی تقلید نہیں بلکہ تقلید مع دلائل ہے۔ اس قسم کی بعض کمزوریوں کی طرف توجہ کی ضرورت ہے۔

اعتکاف، فضائل و مسائل

از مولانا عبیداللہ اسعدی، خورد سائز ضخامت ۴۸ صفحات قیمت ۲/

پتہ: مکتبہ رحمانیہ پوسٹ ہتورا ضلع باندہ یوپی

اعتکاف، اسلام کی اہم ترین عبادت ہے جس کے ذریعہ انسان اپنے شب و روز کو مالک حقیقی کے سپرد کر دیتا ہے پھر اس کا رمضان المبارک کے ساتھ تعلق جوڑ کر اس عبادت میں مزید تقدس پیدا کیا جا سکتا ہے، یہی اس کتابچہ کا ماحصل ہے"۔

اس کتابچہ کا پیش لفظ ندوۃ العلماء لکھنؤ کے فاضل استاد حضرت مولانا برہان الدین سنبھلی مدظلہ نے لکھا ہے کہ مفید دلچسپ معلومات افزا ہے اور علمی نکات سے بھرپور ہے اور اسی کے ساتھ مولانا موصوف نے اس کتابچہ پر متعدد مقامات پر حواشی و اضافات کے ذریعہ اس کی اہمیت میں مزید اضافہ کر دیا ہے لیکن بعض مقامات پر علمی بحثوں میں تشنگی معلوم ہوتی ہے کیونکہ اکثر جگہ مجمل انداز میں بحث کی گئی ہے، اسی طرح سب سے اہم مسئلہ اس دور میں جو سب سے زیادہ مختلف فیہ ہے وہ "اجتماعی اعتکاف" کا مسئلہ ہے"

اس کو معلوم بعض مصلحتوں کی بنا پر بالکل ہی نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ اگر اس اہم ترین موضوع پر بھی اگلے ایڈیشن میں علمی تحقیقات کا اضافہ کر دیا جائے تو اس سے اس کتابچہ کی افادیت میں مزید اضافہ ہوگا۔

کتابت و طباعت اوسط درجہ کی ہے لیکن پورا کتابچہ معلومات افزا اور لائق مطالعہ ہے۔

(م س۔ ظ ف ر)